سوال

(153) ریزگاری کی خرید وفروخت میں اضافے لینا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بعض وقت ریزگاری کی بڑی قلت ہوتی ہے بعض لوگ ریزگاری جمع کرکے روپیہ تین آنے لے لیتے ہیں اور تیرہ آنے واپس کرتے ہیں کیا ایسا کرنا جائز ہے ؟ ۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ بیع اس حیثیت سے تو جائز ہے کہ سود میں شرعا داخل نہیں ہے لیکن ضرورت اور مجبوری سے اس طرح فائدہ اٹھانا غالبا مضطر میں داخل ہے جس سے آنحضرتﷺ نے منع فرمایا ہے۔ ابوداود میں ہے : : نہی عن بیع المضطر

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ شیخ الحدیث مبارکپوری

جلد نمبر 2۔ کتاب البیوع

صفحہ نمبر 332

محدث فتویٰ